
暴力及執法傷亡賠償

CLEIC

Urdu 巴基斯坦語



# کریمینل اینڈ لا اینفورسمنٹ انجیریز کمپینسیشن (سی ایل ای آئی سی) اسکیم

تشددآمیز جرم، یا قانون نافذ کرنے والے کسی ادارے کے اہلکار کی جانب سے فرائض کی ادائیگی کے لیے ہتھیار کے استعمال کا نشانہ بننے والے اشخاص ( یا ہلاک ہونے کی صورت میں، ان کے لواحقین) کو مالی مدد دیتی ہے۔

# Criminal and Law Enforcement Injuries Compensation Scheme

Provides financial assistance to innocent victims (or to their dependants in cases of death) who are injured as a result of crime of violence, or by a law enforcement officer using weapon in the execution of his duties.

社會福利署
Social Welfare Department

June 2010

## مقصد

تشددآمیز جرم، یا قانون نافذ کرنے والے کسی ادارے کے اہلکار کی جانب سے فرائض کی ادائیگی کے لیے ہتھیار کے استعمال کا نشانہ بننے والے بے گناہ افراد ( یا فوت ہونے کی صورت میں، ان کے لواحقین) کو مالی مدد دینا اس منصوبے کا مقصد ہے۔ یہ منصوبہ چندہ دینے یا کنبے کی مالی حالت کے تخمینے پر منحصر نہیں ہے۔

اس منصوبے میں مجرمانہ تشدد سے لگے زخموں کے لیے معاوضے اور قانون پر عمل درآمد سے لگے زخموں کے لیےمعاوضے شامل ہیں، اور اس کا اہتمام بل ترتیب کریمینل انجریز کمپئنسیشن بورڈ ( Criminal Injuries Compensation Board) اور لا اینفورسمینٹ انجریز کمپئنسیشن بورڈ ( Law Enforcement Injuries Compensation Board) کرتے ہیں۔ ان بورڈوں کےصدور اور ممبران کی تقرری صدر انتظامیہ ( Chief Executive) کرتے ہیں۔ سکریٹریٹ (Secretariat) (یعنی CLEIC سیکشن) کے لیے عملہ فراہم کرانے، تشخیص کرنے اور معاوضے کی ادائیگی کا انتظام کرانے کے لیے محکمہ سماجی بہبود (سوشل وئلفیر ڈیپارٹمنٹ/ SWD) ذمہ دار ہے۔

# اہلیت کا معیار

## مجرمانہ تشدد سے ہوئے زخموں کے لئے معاوضے

ہانگ کانگ میں مندرجہ ذیل وجوہات سے چوٹ لگے یا وفات ہو، تو معاوضہ مانگا جا سکتا ہے:

- تشدد آمیز جرم سے (بشمول جھلسا دینا اور زہرکھلانا)؛
- کسی قانون شکن یا مبینہ قانون شکن کی گرفتاری یا گرفتاری کی کوشش سے؛
- کسی جرم کو روکنے یا روکنے کی کوشش سے؛ اور
- کسی قانون شکن یا مبینہ قانون شکن کی گرفتاری یا گرفتاری کی کوشش میں شامل، یا کسی جرم کے روکنے یا روکنے کی کوشش میں شامل کسی پولیس افسر یا دیگر شخص کو مدد دینےسے۔

ماسوائے کسی شخص کو جان بوجھ کر ٹکر مارنے کی کوشش کے، ٹرانسپورٹ سے وابستہ جرائم اس منصوبے میں شامل نہیں ہیں۔

کریمینل انجریز کمپنسیشن بورڈ (Criminal Injuries Compensation Board)محض ان درخواستوں پر غور کرے گا جو مندرجہ ذیل شرائط پوری کرتی ہوں:

- اس واقعے سے متاثرہ فرد کی موت واقع ہو جائے ؛ یا چوٹ کے نتیجے میں کم از کم تین دن کے لئے اسپتال میں داخل ہونا پڑا، یا بیماری کی چھٹی لینی پڑی، جس کی تصدیق رجسٹرشدہ طبی پیشہ ور/ رجسٹرشدہ چینی طبی پیشہ ور کرے؛
- چوٹ لگنے یا فوت ہونےکی حالت کی اطلاع کسی غیر ضروری تاخیر کے بغیر پولیس کو دی گئی ہو، یا اس پر عدالتی کارروائی کی گئی ہو ؛
- درخواست گزار نے بورڈ کو سبھی معلومات اورمعقول مدد، بالخصوص کسی مطلوبہ میڈیکل رپورٹس کی صورت میں، دی ہے؛
- معاوضہ، واقعہ ہونے کی تاریخ سےتین سال کے اندر (نوٹ دیکھیں) طلب کیا گیا۔ اگر معاوضہ کا کیس مدعی کی جانب سے واپس لینے یا اس سے رابطہ منقطع ہو جانے پر بند کر دیا گیا ہو تو مدعی واقعہ رونما ہونے کے تین سال کے اندر یا پہلا کیس واپس لینے یا رابطہ منقطع ہونے کے ایک سال کے اندر (نوٹ دیکھیں)، جو بھی بعد کی صورت ہو، دوبارہ معاوضہ طلب کر سکتا ہے؛ اور
- متاثرہ فرد کو ہانگ کانگ میں رہنے کا حق ہے یا اسے امیگریشن آرڈیننس کے سیکشن 115( **Immigration Ordinance, Cap 115**) کے تحت ہانگ کانگ میں رہنے کی اجازت دی گئی ہو؛ اور واقعہ ہونے کے وقت اس نے ہانگ کانگ میں رہنے کی معیاد (اگر معیاد لاگو ہو تو) کی خلاف ورزی نہ کی ہو ۔

جہاں واقعہ کے وقت متاثرہ فرد اور قانون شکن ایک ساتھ ایک ہی کنبہ کے طور پر رہتے تھے، معاوضہ محض خاص حالات میں واجب الادا ہو گا ۔

(نوٹ: تین سال یا ایک سال کے معیاد کا حساب کرنے میں واقعہ ہونے، یا مطالبے کو خود واپس لینے، یا رابطہ کھونے کے دن کو نہیں گنا جاتا ۔ اگر اس معیاد کا آخری دن ہفتہ، عام تعطیل، یا کوئی ایسا دن ہو، جس میں 8 نمبر یا اس سے بڑے طوفان یا خطرناک بارش (Black Rainstorm) کا خطرہ جاری کیا گیا ہو ، تو اس معیاد میں کام کاج کا اگلا دن شامل رہے گا۔)

## قانون کے نفاذ میں زخمی ہوئے والے افراد کو معاوضہ

کسی قانون پر عمل درآمد کرنے والے شخص (یعنی کسی پولیس افسر یا ڈیوٹی پر کسی اور سرکاری افسر) کے مندرجہ ذیل ضمن میں ڈیوٹی کی تعمیل کے دوران کوئی ہتھیار چلانے کی وجہ سے ہانگ کانگ میں کوئی زخمی ہو، یا فوت ہو، تو معاوضہ مانگا جا سکتا ہے:

- کسی قانون شکن یا مبینہ قانون شکن کی گرفتاری یا گرفتاری کی کوشش سے؛

- کسی جرم کو روکنے یا روکنے کی کوشش سے؛ اور

- کسی قانون شکن یا مبینہ قانون شکن کی گرفتاری یا گرفتاری کی کوشش میں شامل، یا کسی جرم کو روکنے یا روکنے کی کوشش میں شامل کسی پولیس افسر یا دیگر کسی شخص کو مدد دینے سے۔

لا اینفورسمینٹ انجریز کمپئنسیشن بورڈ (Law Enforcement Injuries Compensation Board) محض ان درخواستوں پر غور کرے گا جو مندرجہ ذیل شرائط پوری کرتی ہوں:

- اس واقعے سے متاثرہ فرد کی موت واقع ہو جائے ؛ یا چوٹ کے نتیجے میں کم از کم تین دن کے لئے اسپتال میں داخل ہونا پڑا، یا بیماری کی چھٹی لینی پڑی، جس کی تصدیق رجسٹرشدہ طبی پیشہ ور/ رجسٹرشدہ چینی طبی پیشہ ور کرے؛

- چوٹ لگنے یا فوت ہونے کی حالت کی اطلاع کسی غیر ضروری تاخیر کے بغیر پولیس کو دی گئی ہو ، یا اس پر عدالتی کارروائی کی گئی ہو ؛

- درخواست گزار نے بورڈ کو سبھی معلومات اورمعقول مدد، بالخصوص کسی مطلوبہ میڈیکل رپورٹس کی صورت میں، دی ہے؛

- معاوضہ، واقعہ ہونے کی تاریخ سےتین سال کے اندر (نوٹ دیکھیں) طلب کیا گیا۔ اگر معاوضہ کا کیس مدعی کی جانب سے واپس لینے یا اس سے رابطہ منقطع ہو جانے پر بند کر دیا گیا ہو تو مدعی واقعہ رونما ہونے کے تین سال کے اندر یا پہلا کیس واپس لینے یا رابطہ منقطع ہونے کے ایک سال کے اندر (نوٹ دیکھیں)، جو بھی بعد کی صورت ہو، دوبارہ معاوضہ طلب کر سکتا ہے؛

- متاثرہ فرد کو ہانگ کانگ میں رہنے کا حق ہے یا اسے امیگریشن آرڈیننس کے سیکشن 115( **Immigration Ordinance, Cap 115**) کے تحت ہانگ کانگ میں رہنے کی اجازت دی گئی ہو؛ اور واقعہ ہونے کے وقت اس نے ہانگ کانگ میں رہنے کی معیاد (اگر معیاد لاگو ہو تو) کی خلاف ورزی نہ کی ہو؛ اور

- اگر متاثرہ فرد قانون نافذ کرنے والے افسر کے ہاتھوں مارا گیا، تو درخواست گزار کو فیٹل ایکسیڑنٹس آرڈیننس کے سیکشن 22 (**Fatal Accidents Ordinance, Cap 22**) کے تحت منحصر مانا جائے گا (اگر وہ اس کی وضاحت کے تحت منحصر نہ ہو، تو اس کی درخواست پرکریمینل انجریز کمپئنسیشن بورڈ غور کرے گا)۔

(نوٹ: تین سال یا ایک سال کے معیاد کا حساب کرنے میں واقعہ ہونے، یا مطالبے کو خود واپس لینے، یا رابطہ کھونے کے دن کو نہیں گنا جاتا ۔ اگر اس معیاد کا آخری دن ہفتہ، عام تعطیل، یا کوئی ایسا دن ہو، جس میں 8 نمبر یا اس سے بڑے طوفان یا خطرناک بارش (Black Rainstorm) کا خطرہ جاری کیا گیا ہو ، تو اس معیاد میں کام کاج کا اگلا دن شامل رہے گا۔)

## درخواست دینے کا طریقہ

درخواست کے فارم پولیس سٹیشنوں، ہوم افیئرز ڈیپارٹمنٹ (Home Affairs Department) کے ضلعی دفاتر، میڈیکل سوشل سروسز یونیٹس (Medical Social Services Units)، سوشل سکیورٹی فیلڈ یونٹس ( Social Security Field Units)، اور محکمہ سماجی بہبود (SWD) کے سی ایل ای آئی سی (CLEIC) سیکشنوں میں دستیاب ہیں۔ مکمل کردہ فارم سی ایل ای آئی سی کو بذریعہ ڈاک بھیجے جا سکتے ہیں، یا بذات خود آ کر جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ بصورتِ دیگر انہیں مذکورہ سکیشن کو فیکس یا ای میل بھی کیا جا سکتا ہے۔

سی ایل ای آئی سیسیکشن

پتہ : Room 703, 7/F, Wu Chung House, 213 Queen's Road East, Wan Chai, Hong Kong

فیکس نمبر : 2575 7938

ای میل پتہ : cleicenq@swd.gov.hk

درخواست کے فارم محکمہ سماجی بہبود (SWD) کے ہوم پیج http://www.swd.gov.hk سے ڈاون لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔

## کسی درخواست پر کارروائی کا طریقہ

متاثرہ فرد یا درخواست گزار کے بیان کئے ہوئے جس مجرمانہ واقعہ کی پولیس نے تصدیق کی ہو، اس درخواست کو آگے بڑھایا جائے گا۔ معقول بورڈ کے درخواست پر غور کرنے سے قبل، بورڈ کا سکریٹریٹ، بورڈ کے غور و خوض کے لئے معاملے کے بارے میں متعلقہ معلومات طلب کرے گا، جس میں واقعے کے حقائق اور متاثرہ فرد کے متعلق طبی و سماجی معلومات شامل ہیں۔ سکریٹریٹ درخواست گزار کو تحریری طور میں بورڈ کے فیصلے سے آگاہ کرے گا۔

## بورڈوں کا امتیازی اختیار

دستیاب ثبوتوں کی بنیاد پر بورڈ درخواست قبول کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرے گا۔ اس کے علاوہ، معاملے کے حالات کے مطابق انہیں معاوضے کی رقم بڑھانے یا گھٹانے، یا درخواست کو نامنظور کرنے کا اختیار ہے۔

## سکیم کے علاوہ وصول کردہ معاوضہ

"کوئی دوگنا معاوضہ نہیں" کے اصول کے تحت اگر کوئی درخواست گزار ایک ہی واقعے کے تحت ہرجانہ یا کوئی اور معاوضہ (بشمول ملازمین کا معاوضہ) وصول کرے ، تو بورڈ اس منصوبے کے تحت واجب الادا رقم سے اس ہرجانے یا معاوضے کی رقم کو کاٹ لے گا۔ اس کے علاوہ، جو فائدہ پانے والے اشخاص اس منصوبے سے باہر ایک ہی واقعے کے لئے ہرجانہ یا معاوضہ بعد ازاں پائیں تو انہیں اس منصوبے سے موصول شدہ رقم لوٹانی ہو گی، البتہ کسی بھی صورت میں، ان سے واجب الادا رقم، اس منصوبے کے باہر سے موصول شدہ رقم سے زیادہ نہیں ہو گی۔ مزید یہ کہ، "با تہذیب ذہن" والے درخواست گزاروں کو، بورڈوں کے اختیار سے دی گئی اضافی رقم نہیں لوٹانی پڑے گی۔

# Objective

The aim of this scheme is to provide financial assistance to persons (or to their dependants in cases of death) who are injured as a result of a crime of violence, or by a law enforcement officer using weapon in the execution of his duty. The scheme is non-contributory and non-means tested.

This scheme comprises criminal injuries compensation and law enforcement injuries compensation and is administered by the Criminal Injuries Compensation Board and the Law Enforcement Injuries Compensation Board respectively. The Chairman and members of the Boards are appointed by the Chief Executive. SWD is responsible for providing staff for the Secretariat (i.e. the CLEIC Section), preparing assessments and arranging payment of compensation.

# Eligibility Criteria

## Criminal Injuries Compensation

Compensation may be claimed for any injury or death sustained in Hong Kong arising from:

- a crime of violence (including arson and poisoning);
- an arrest or attempted arrest of an offender or suspected offender;
- the prevention or attempted prevention of an offence; and
- the giving of help to any police officer or other person who is engaged in arresting or attempting to arrest an offender or suspected offender or preventing or attempting to prevent an offence.

Traffic offences are excluded from this scheme except where there has been deliberate attempt to run the victim down.

The Criminal Injuries Compensation Board will only consider applications which satisfy the following conditions:

- the victim died from the incident; or the injury inflicted gave rise to at least three days' hospitalization or sick leave as certified by a registered medical practitioner/registered Chinese medicine practitioner;
- the circumstances of the injury or death were reported to the police without unreasonable delay, or had been the subject of criminal proceedings;
- the applicant has given the Board all related information and reasonable assistance, particularly in relation to any medical reports which it may require;
- the claim for compensation has been made within three years (see note) of the date of the incident. Where the case of the first claim for compensation was closed due to self-withdrawal or lost contact, the applicant has made the second or subsequent claim either within three years of the date of the incident or within a year (see note) of the date of self-withdrawal or lost contact, whichever is later; and

- the victim is a person having the right to stay in Hong Kong or being permitted to stay in Hong Kong under the Immigration Ordinance, Cap 115, and he is not in contravention of a limit of stay (if any) in force against him at the time of the incident.

Where the victim and the offender were living together as members of the same family at the time of the incident, compensation will only be payable under special circumstances.

(Note: In reckoning the three-year or the one-year period, the day on which the incident happens or the day of self-withdrawal or lost contact is excluded. If the last day of the period is a Saturday, a public holiday or a day during which typhoon warning signal no.8 or above or Black Rainstorm Warning signal is issued, the period shall include the next normal working day.)

## Law Enforcement Injuries Compensation

Compensation may be claimed for any injury or death sustained in Hong Kong resulting from the use of a weapon by a law enforcement officer (i.e. any police officer or other public officer on duty) in the execution of his duty in connection with:

- an arrest or attempted arrest of a suspected offender or offender;
- the prevention or attempted prevention of an offence; and
- the giving of help to any police officer or other person who is engaged in arresting or attempting to arrest an offender or suspected offender or preventing or attempting to prevent an offence.

The Law Enforcement Injuries Compensation Board will only consider applications which satisfy the following conditions:

- the victim died from the incident; or the injury inflicted gave rise to at least three days' hospitalization or sick leave as certified by a registered medical practitioner/registered Chinese medicine practitioner;
- the circumstances of the injury or death were reported to the police without unreasonable delay;
- the applicant has given the Board all related information and reasonable assistance, particularly in relation to any medical reports which it may require;
- the claim for compensation has been made within three years (see note) of the date of the incident. Where the case of the first claim for compensation was closed due to self-withdrawal or lost contact, the applicant has made the second or subsequent claim either within three years of the date of the incident or within a year (see note) of the date of self-withdrawal or lost contact, whichever is later;
- the victim is a person having the right to stay in Hong Kong or being permitted to stay in Hong Kong under the Immigration Ordinance, Cap 115, and he is not in contravention of a limit of stay (if any) in force against him at the time of the incident; and
- if the victim is killed by a law enforcement officer, the applicant is regarded as a dependant within the definition of the Fatal Accidents Ordinance, Cap 22. (If he is not a dependant within this definition, his application will be considered by the Criminal Injuries Compensation Board.)

(Note: In reckoning the three-year or the one-year period, the day on which the incident happens or the day of self-withdrawal or lost contact is excluded. If the last day of the period is a Saturday, a public holiday or a day during which typhoon warning signal no.8 or above or Black Rainstorm Warning signal is issued, the period shall include the next normal working day.)

## How to Apply

Application forms are available at the police stations, District Offices of the Home Affairs Department, or Medical Social Services Units, Social Security Field Units, and the CLEIC Section of SWD. Completed forms can be posted or handed to the CLEIC Section. Alternatively, they can be sent to that Section by fax or email.


**CLEIC Section**

Address : Room 703, 7/F, Wu Chung House, 213 Queen's Road East, Wan Chai, Hong Kong.

Fax no. : 2575 7938

Email address : cleicenq@swd.gov.hk


Application forms can also be downloaded from the homepage of SWD at http://www.swd.gov.hk

## How an Application is Processed

Where the criminal incident as stated by the victim or applicant has been confirmed by the police, the application will be processed. Before the appropriate Board considers an application, the Board's Secretariat will seek all relevant information about the case, including the facts of the incident and medical and social information on the victim for the consideration of the Board. The Secretariat will inform the applicant in writing of the Board's decision.

## Discretionary power of the Boards

The Boards will decide whether to accept an application on the basis of the available evidence. Also, they have the power to increase or reduce the amount of compensation, or to reject the application, depending on the circumstances of the case.

## Compensation received outside the scheme

Under the "no double compensation" principle, if an applicant receives damages or other compensation (including the employees' compensation) in respect of the same incident, the Boards will deduct such damages or compensation from the compensation payable under this scheme. In addition, beneficiaries who subsequently receive damages or other compensation outside the scheme for the same incident will be required to refund the payments they have received from the scheme, but in any case, the amount to be repaid shall not exceed the amount of damages or compensation received outside the scheme. Moreover, any increased award granted at the discretion of the Boards to "civic minded" applicants will not be repayable.